ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ماخذ تحقیقی مجلہ

OPEN ACCESS

CC BY NC

عبدالقدوس حسن راشد
لیکچرر و صدر شعبہ اردو گورنمنٹ کالج یونی ورسٹی حیدرآباد
ڈاکٹر شفیق احمد شاہانی
اسسٹنٹ پروفیسر و صدر شعبہ سندھی، گورنمنٹ کالج یونی ورسٹی حیدرآباد

شریف منّور۔ حیدرآباد کا ایک گمنام شاعر

Abdul Qudus Hassan Rashid*
Lecturer, Head Department of Urdu, Government College University, Hyderabad.
Dr. Shafique Ahmed Shahani
Assistant Professor, Head of Sindhi Department, Government College University, Hyderabad.
***Corresponding Author:** abdul.qudoos@gcuh.edu.pk

Sharif Munawar: An Anonymous Poet from Hyderabad

Sharif Munawar was one of the positively thinking poets of Hyderabad the poets like Qabil Ajmeri, Aijaz Ehsani, Raees Amrohi, Jon Elia, Muhammad Ali Siddiqi, Hasan Abid, Rashid Mufti, Qamar Arzu, Marghoob Akhtar and Razzaque Tahirani were his freinds and associates, while examining bioghraphical notes written on our local poets unfortunately we find no mention of his. it's been several decades since he left this world if he wero not written about today he would probably remain in anonymity, penning about him is a mere effort of bringing him to the limelight from darkness of anonymity.

Key Words: *Sharif Munawar, Poet, Hyderabad, Decades, Darkness.*

حیدرآباد دکن کی طرح حیدرآباد سندھ بھی ایک مردم خیز خطہ ہے جس نے ہر شعبہ ہائے میں نمایاں لوگ پیدا کیے ہیں صرف شعر و ادب کی بات کی جائے تو فوراً جو چند نام ذہن میں آتے ہیں ان میں قابل اجمیری، حمایت علی شاعر، ڈاکٹر غلام مصطفی خاں، ڈاکٹر نجم الاسلام، خلش مظفر نگری، پروفیسر عنایت علی خان ٹونکی شامل ہیں اِن شخصیات

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

کے علاوہ بھی متعدد ادبا اور شعرا ایسے ہیں جن کے نام لوگوں کے اذہان میں نقش ہیں بلکہ تذکروں میں بھی محفوظ ہیں البتہ چند شعرا اور ادبا ایسے ہیں کہ جن کے نامِ نامی سے تذکرے بھی نابلد ہیں، شعرائے حیدرآباد سندھ پر اب تک (۲۰۲۲ء) انیس تذکرے منظر عام پر آچکے ہیں۔ ان تذکروں میں "تذکرۂ شعرائے اردو حیدرآباد" مرتبہ: نہال اجمیری، "انکشاف" مرتبہ: صابر بن ذوقی، "تین شاعر" (جلد اول) مرتبہ: صابر بن ذوقی، "تین شاعر" (جلد دوم) مرتب: ارتضا عزمی، "تذکرۂ شعرائے حیدرآباد" مرتبہ: مسرور احمد زئی، "سندھ کے نعت گو" ماہ نامہ "نعت" لاہور حیدرآباد کے نعت گو شہزاد احمد، "حیدرآباد کی اردو شاعرات" شکیل احمد خان "کہکشاں" مرتبین: مرزا سلیم بیگ / حاجی عدیلؔ، "خوب صورت ادبی چہرے" مرتبہ: تقی راجپوت، "ادبی چہرے (جلد اول، دوم اور سوم)" مرتبہ: ظافر علی خان تشنہ "سخنورانِ حیدرآباد۔ جلد اول" عشرت علی خان، "سخن ورانِ حیدرآباد۔ جلد دوم" عشرت علی خان، "تذکرۂ شعرائے لطیف آباد" حسیب گدی، "شعرائے حیدرآباد" مرتبہ: ثاقب قریشی بالترتیب شامل ہیں، ان تذکروں کا تذکرہ ملاحظہ کیجیے:

(ا) تذکرۂ شعرائے اردو حیدرآباد

نہال اجمیری۔ بزم فروغِ ادب

"تذکرۂ شعرائے اردو حیدرآباد" ادبی تنظیم "بزمِ فروغِ ادب (رجسٹرڈ) حیدرآباد" کے زیر اہتمام شایع ہوا۔ اس تذکرے پر "حضرت مولٰینا محمد انوار الحق" نہال" اجمیری" لکھا ہے۔ نہال اجمیری "بزمِ فروغِ ادب (رجسٹرڈ) حیدرآباد" کے صدر تھے۔ سنِ اشاعت جنوری ۷۰ء درج ہے۔ اس تذکرے میں ۱۳۸ شعرا کا تذکرہ ہے۔ یہ تذکرہ الفبائی ترتیب سے نہیں ہے۔ اسے الفبائی ترتیب دی گئی ہے۔ اس میں جن شعرائے اردو کے اسما درج ہیں ان کے تخلص مع نام اس طرح ہیں:

ابدؔ، عبد الطیف [عبد اللطیف] ابد۔ اثرؔ گوالیاری۔ احسنؔ، مولوی احسن اجمیری۔ احمرؔ، احمر رفاہی۔ اخترؔ، اختر الحامدی اجمیری۔ اخترؔ، اختر سلیمانی۔ اخضرؔ، اخضر نعیمی مرادآبادی۔ اصغرؔ، اصغر حامدی۔ اعجازؔ، اعجاز احسانی۔ افقرؔ، سندھی۔ اکرامؔ، حکیم شاہ اکرام حسین۔ الیاسؔ، الیاس دھولپوری۔ انجمؔ، اسماعیل۔ انجمؔ، انجم عزیزی۔ انورؔ، مشہود۔ آبادؔ، عبد الرحمان۔ باقرؔ القادری، محمد حسین خاں۔ بدرؔ اسعدی ساگری، مبین محمد۔ برگؔ، شفیع اللہ خان برگؔ یوسفی۔ برقؔ، مشکور علی۔ بسملؔ آغائی، عبد الرحمن خاں۔ بشرؔ جے پوری، غیاث الدین۔ بقاؔ رام پوری، حفیظ احمد خاں۔ بہترؔ اجمیری، عبد الغفار خاں۔ پیامیؔ جے پوری، محمد وحید۔ پیکرؔ واسطی، سید بنیاد حسن زیدی۔ پیکرؔ، ظفر علی۔ تابشؔ

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

نارنولی، صغیر الدین۔ تبسمؔ ، تبسم دہلوی۔ جبریلؔ صدیقی، شیخ محمد جبریل صدیقی۔ جمالیؔ گوالیاری ، احمد حسین خان۔ حامدؔ نارنولی ،حامد حسین۔ حشریؔ جے پوری، حبیب الرحمان خاں۔ حسرتؔ بیانوی،نواب الدین ۔ حشمتؔ،سید حشمت حسین ۔ حناؔ، سید مہدی حسین جعفری ۔ حنیفؔ، محمد حنیف ۔ خادمؔ،خادم حسین۔ خادمؔ، مرزا حنیف بیگ۔ خادمیؔ اجمیری، محمد حسین ۔ خاکؔ، خاک کلیمی اجمیری۔ خاورؔ صدیقی ، عبدالحیٔ صدیقی۔ خستہؔ وارثی اکبر آبادی، طفیل حسین۔ خلیلؔ، شیخ محمد ابراہیم ۔ خوابؔ حیدرآبادی، عبداللہ ۔ خورشیدؔ ایلچپوری، قاضی خورشیدالدین۔ خیالؔ جعفری ، منذر حسین جعفری۔ دانشؔ نیازی، شیخ احمد حسن ۔ داؤدؔ چغتائی، مرزا داؤد بیگ چغتائی۔ دردؔ اسعدی، مرتضیٰ علی خاں۔ دلگیرؔ اجمیری، عمر دراز۔ ذاکرؔ اجمیری، امجد حسین۔ ذاکرؔ، سردار علی شاہ۔ رازؔ ریواڑوی، چودھری اللہ دیا۔ رازؔ عارفی ،بشیر احمد آغائی۔ راہیؔ، عبدالمجید۔ رزمیؔ اجمیری، محمد شفیع۔ رزیؔ جے پوری، محمد اسماعیل خاں۔ رشیدؔ، خان رشید اللہ۔ رعناؔ اکبر آبادی، شکور احمد۔ رونقؔ جودھپوری، عبدالغفار۔ رفیقؔ ریواڑوی، محمد رفیق۔ ریاضؔ سیالکوٹی، عبدالغفور ۔ زیدیؔ، تہور علی۔ سالکؔ صدیقی اجمیری، صدیق الحسن، سالکؔ عزیزی، ضیاء اللہ طاہر۔ سرورؔ حیدرآبادی ، سرور علی۔ سعیدؔ احمد سعیدی، سعید احمد خان ۔ سیفؔ، عبدالغفار خان۔ سلیمؔ ، حضور احمد ۔ شادؔ دہلوی ، عبدالوحید خاں ۔ شاعرؔ، حمایت علی۔ شبابؔ لکھنوی، محمد صادق عرف بو میاں۔ شبنمؔ بدایونی، محمد اجمل حسین۔ شجاعؔ نارلوی، شجاع الدین۔ شرفؔ سیمابی، شرف الدین۔ شفقؔ اجمیری ، شفیق صدیقی کانپوری، محمد شفیق ۔ شکورؔ، مولانا محمد عبدالشکور صادق شاہ نظامی کمبل پوش اکبر آبادی۔ میاں احمد عباسی۔ شگفتہؔ اجمیری، منظور حسین ۔ شوقؔ نارنولی، سید وجاہت حسین۔ شوقیؔ بیاوری، عبدالغفار خان ۔ شہیرؔ نجمی ، سید تحسین احمد ۔ صابرؔ نارنولی، صابر حسین۔ صادقؔ دہلوی، سید محمد صادق علی۔ صباؔ اکبر آبادی، خواجہ محمد امیر۔ صبیحؔ، رحمت الرحیم۔ صہباؔ سنگھانوی، مبارک الدین خاں ۔ ضامنؔ حسنی نہالوی، سید ضامن علی۔ ضیاؔ اکبر آبادی، [نام درج نہیں، قیاس ہے ضیا ہی نام میں سابقہ ہو گا]۔ طالبؔ، طالب اجمیری۔ ظفرؔ، ظفر حسین۔ ظہیرؔ، ظہیر اجمیری۔ عابدؔ، عابد علی۔ عادلؔ، عادل رضوی۔ عاجزؔ، عاجز فریدی۔ عاقلؔ، عاقل مظہری اکبر آبادی۔ عباسیؔ، عباسی اجمیری۔ عرشؔ، عرش عثمانی۔ عزیزؔ، عزیز جے پوری۔ عزیزؔ، عزیز جے پوری۔ عشرتؔ، عشرت یوسفی۔ عظمتؔ، عظمت نارنولی۔ عظیمؔ، عظیم الکریم عباسی۔ علیؔ، علی محمد خان علی۔ غبرؔ غبر جعفری۔ فزوںؔ، فزوں اکبر آبادی۔ قابلؔ، قابل اجمیری۔ کاملؔ، کامل صدیق بریلوی۔ کیفؔ، انور ۔ کیفؔ ، مہندر گڑھی۔ ماہرؔ،ماہر۔ مسرورؔ، مسرور صدیقی ۔ مضطرؔ ، مضطر ہاشمی۔ مظہرؔ، مظہر عرفانی۔ مقبولؔ، مقبول الوری ۔ منصورؔ، منصور و براگی ۔ منظرؔ، منظر بھوپالی۔ منورؔ، حالائی۔ مہرؔ، خلیل الرحمان خاں

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ماخذ تحقیقی مجلہ

مہر۔نازیؔ ، نازی اجمیری ۔ ناظرؔ، ناظرٹونکی۔ناظمؔ،حضرت ناظم رام پوری۔نثارؔ،نثارپیانوی۔نجمؔ ،نجم لکھنوی۔نسیمؔ،نسیم تقوی ۔ نظامؔ ، نظام فتح پوری۔نظیرؔ،نظیرا کبر آبادی ۔نعیمؔ ، نعیم نقوی ۔ نورؔ، نور ساگری ۔ نیازؔ،نیاز نصیر آبادی۔نیرؔ،نیرجے پوری۔واحدیؔ،واحدی اجمیری۔وفاؔ،وفا قریشی۔(۱)

(۲) انکشاف

صابر بن ذوقی

"انکشاف "نام کی یہ تالیف حکیم ذوقی الہ آبادی کی شخصیت وشاعری پر مشتمل ہے جسے صابر بن ذوقی نے مکتبۂ ذوقی سے ۹۰ءسے قبل شائع کیا ہے۔(۲)

(۳) تین شاعر

صابر بن ذوقی

یہ تالیف صابر بن ذوقی نے ۹۰ ء میں مکتبۂ ذوقی کے زیر اہتمام مرتب کی اس تذکرے میں تین شعرا کا تذکرہ شامل ہیں۔ان تین شعرا میں سالکؔ عزیزی، پروفیسر عظیم الکریم عباسی اور وحید پیامی شامل ہیں۔ان شعرا پر ڈاکٹر غلام مصطفی خاں سمیت متعدد شعرا وادبا کے مضامین موجود ہیں۔(۳)

(۴) تین شاعر (جلد دوم)

سید ارتضا عزمیؔ

اسے سید ارتضا عزمیؔ نے مکتبۂ ذوقی کے زیر اہتمام ۱۹۹۱ءکو شائع کیا۔یہ تذکرہ پچھلے تذکرے کا تسلسل ہی ہے اس مجموعے میں حیدرآباد کے مزید تین مرحوم شعرا کا تذکرہ پیش کیا گیا ہے۔یہ تین شعر اتراب ؔگوالیاری، بابو رفیقؔ ریواڑوی اور بینشؔ سلیم ہیں۔(۴)

(۵) ایک محقق تین ادیب

صابر بن ذوقی

یہ صابر بن ذوقی کی تالیف ہے جو انھوں نے ۱۹۹۲ءمیں مرتب کر کے شائع کی۔اس تالیف میں ڈاکٹر غلام مصطفی خاں کو بہ طورِ محقق پیش کیا گیا ہے اور ان کے مضامین کو یہاں جگہ دی گئی ہے۔ادیبوں میں ایک نام حکیم مرزا عزیز الرحمن ، دوسرا ارتضا عزمی اور تیسرا اجمل اعجاز کا ہے۔اول الذکر تاریخ گو ہیں موخر الذکر افسانہ نگار ہیں ارتضا عزمی ان شخصیات میں واحد شاعر ہیں۔(۵)

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

(٦) تذکرۂ شعرائے حیدرآباد

مسروراحمد زئی

"تذکرۂ شعرائے حیدرآباد" مسروراحمد زئی کا ایم اے کا مقالہ ہے جو انھوں نے جامعۂ سندھ سے ۱۹۹۴ء میں تحریر کیا۔ مسروراحمد زئی نے ۵۴ شعرا کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ تذکرہ بھی الفبائی ترتیب سے نہیں ہے۔ اسے الفبائی ترتیب دی گئی ہے۔ ان کے نام مع تخلص الفبائی ترتیب سے یہ ہیں:

احقرؔ سلیمانی، عبدالوحید خان۔ اخترؔ، علامہ سید مرغوب اختر الحامدی۔ اخترؔ، اختر انصاری اکبر آبادی۔ افضلؔ، مولوی عبدالمجید خان۔ انعامؔ، انعام حسین نقوی۔ بینشؔ، فیاض الدین بینش سلیمی۔ بسملؔ آغائی، عبدالرحمن خاں ۔ بیدلؔ، سید امداد علی۔ باصرؔ، محمد حسین خان۔ پیامیؔ ، وحید پیامی ۔ پیکرؔ واسطی، سید بنیاد حسن زیدی ۔ ترابؔ ، محمد تراب خان۔ جبریلؔ صدیقی، محمد جبریل صدیقی۔ حشمتؔ، سید حشمت حسین ۔ حناؔ، سید مہدی حسین۔ خاکؔ، خاک کلیمی اجمیری ۔ خلیلؔ، ابراہیم خلیل ۔ خوابؔ، عبداللہ۔ دردؔ اسعدی، مرتضیٰ علی خاں۔ ذوقیؔ، عبدالغفار ذوقی مصطفائی۔ رفیقؔ، محمد رفیق خان۔ رشیدؔ، رشید احمد ہزاروی۔ زیدیؔ ، تہور علی زیدی۔ سالکؔ، ضیاء اللہ طاہر۔ سوزؔ، بشیر الزماں مینائی۔ سرورؔ، سرور نظامی۔ شبنمؔ بدایونی، اجمل حسین ۔ شکورؔ، محمد شکور اکبر آبادی۔ شگفتہؔ، محمود احمد۔ شوقؔ، امیر الدین خان۔ شہیرؔ نجمی، سید تحسین احمد۔ صادقؔ دہلوی ، صادق علی ۔ صباؔ اکبر آبادی، خواجہ امیر۔ صحرائیؔ سانبھری، عبدالرزاق خان۔ طاہرؔ اکبر آبادی، حبیب الرحمن ۔ عاجزؔ فریدی، حنیف۔ عرشؔ عثمانی، محمد حمید اللہ خان۔ عزیزؔ، سید عزیز الرحمن جے پوری ۔ عشرتؔ، سمیع اللہ خان۔ عطاؔ، عطاء الرحمن صدیقی۔ عظیمؔ، پروفیسر عظیم الکریم عباسی۔ فزوںؔ، عبدالعزیز خاں۔ مصطفیٰؔ ایرانی ، پیر صبغتہ اللہ شاہ ۔ مقبولؔ، سید مقبول حسین۔ منظرؔ، اسماعیل خاں ۔ ناظرؔ ٹونکی، ہدایت علی خان ۔ نظرؔ اکبر آبادی ، حفیظ الدین۔ نہالؔ اجمیری، انوار الحق ۔ نیرؔ جے پوری، محمد حسن خاں ۔ یکتاؔ، محمد شریف الدین۔ (٦)

(۷) سندھ کے نعت گو

ماہ نامہ "نعت" لاہور

یہ راجا رشید محمود کی زیر ادارت لاہور سے نکلنے والا ماہ نامہ "نعت" کا شمارہ ہے، "سندھ کے نعت گو" شعرا پر مشتمل یہ دسمبر ۲۰۰۰ء کا شمارہ ہے اس شمارے میں حیدرآباد سمیت پورے سندھ کے دستیاب شعرا کا تذکرہ ہے۔ کل ۱۰۳ شعرا کا تذکرہ ہے ان ۱۰۳ شعرا میں سے ۶۲ کا تعلق حیدرآباد سے ہے۔ شعرا کی الفبائی

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ترتیب کے بجائے زمانی ترتیب قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہاں صرف حیدرآباد کے شعرا کی فہرست الفبائی ترتیب سے پیش کی جارہی ہے الفبائی ترتیب میں بھی شعرا کے تخلص کو ترجیح دی گئی ہے، ملاحظہ کیجیے:

اخترؔ، اختر انصاری اکبر آبادی۔ اخترؔ، سید اختر الحامدی۔ ارتضاؔ عزمی، سید ارتضا علی۔ بدرؔ ساگری۔ برگؔ یوسفی، شفیع اللہ خان۔ بسملؔ آغائی، عبدالرحمن ۔ پیکرؔ اکبر آبادی، منیر خان۔ تبسمؔ، انور تبسم اسعدی (موصوف نے انور تبسم اسعدی اور تبسم اسعدی دونوں ہی استعمال کیے ہیں ۔) تشنہؔ، ظافر علی خان ۔ ثروتؔ حسین۔ جمیلؔ احمد خان۔ حافظؔ، ابوالحماد غلام محی الدین مفتی حافظ احمد میاں برکاتی۔ حبیبؔ، سید حبیب نقشبندی۔ خادمیؔ اجمیری، محمد حسین ۔ خلشؔ مظفر، عبدالرحیم۔ خلیل، شیخ محمد ابراہیم۔ خلیل، مفتی خلیل خان۔ دانشؔ، ذوالفقار علی۔ دانشؔ، عزیز دانش امدادی ۔ دردؔ اسعدی، مرتضیٰ علی خان ۔ راحتؔ عارفی، راحت جان۔ رعناؔ، رعنا ناہید۔ روحیؔ، ابوالرضا شاہ محمد عمر رضا۔ رونقؔ جودھپوری، عبدالغفار۔ سالکؔ، سالک عزیزی۔ سلیمؔ، حضور احمد ۔ شبیرؔ انصاری ، صاحبزادہ شبیر حسن انصاری۔ شعلہؔ، شعلہ بدایونی۔ شوقیؔ، وجاہت شوقی، سید وجاحت حسین۔ شکورؔ، عبدالشکور کمبل پوش اکبر آبادی ۔ شہیر نجمی ، سید تحسین احمد۔ صابرؔ بن ذوقی ۔ حافظ غلام محی الدین صابر ۔ صابرؔ وسیم ۔ ضامنؔ حسنی، سید ضامن علی حسنی۔ ضیاءؔ الحق قاسمی۔ طیبؔ موہانی، سید محمد طیب ۔ع ابدؔ، پیرزادہ عابد علی شاہ ۔ عادلؔ رضوی (یہ حیدرآباد کے ہیں لیکن اس تذکرے میں شہر کا نام نہیں ہے)۔ عزیزؔ وارثی، عزیز الرحمن۔ عطاؔ، عطاء الرحمن صدیقی۔ عنایتؔ ، پروفیسر عنایت علی خان ۔ فتحؔ، میرزا فتح علی بیگ۔ قدرؔ القادری، مرزا قدیر احمد بیگ۔ قمرؔ، بیگم قمر القادری۔ قلیچؔ، مرزا قلیچ بیگ۔ کاظمؔ، سید کاظم رضا۔ کمالؔ، عارف (نام عارف کمال ہے ضرورت شعری کے لحاظ کبھی کمال اور کبھی عارف کو بہ طور تخلص استعمال کیا ہے۔) گداؔ، غلام محمد شاہ۔ لطیفؔ، شاہ عبداللطیف بھٹائی ۔ماتمؔ، فضل محمد۔ محسنؔ ، سید محسن علی شاہ۔ محمودؔ غزنوی۔ مضطرؔ ہاشمی۔ شاربؔ ، مقبول۔ مضطرؔ، سردار حسین (یہ حیدرآباد کے ہیں لیکن اس تذکرے میں شہر کا نام تو نہیں ہے لیکن حیدرآباد کے ایک علاقے کا نام ضرور درج ہے۔) مقبولؔ، مقبول الوری ۔ منصورؔ اجمیری ، عبدالشکور۔ نجمہؔ قریشی ۔ نجمیؔ ، نجمہ ناہید۔ نورؔ شیروانی، احسان احمد خان۔ نورؔ، نور ساگری۔ نیرؔ، سید ریاض الحسن۔ [۷]

(۸) "حیدرآباد سندھ کے نعت گو شعرا"

مرتبہ: سید محمد توصیف

یہ تذکرہ تلاش وبسیار کے باوجود نہیں مل سکا ہے یہاں اِسے نمبر شمار میں رکھا گیا ہے۔

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08
ماخذ تحقیقی مجلّہ

(۹) حیدرآباد کے نعت گو

شہزاد احمد

یہ تذکرہ سہ ماہی عبارت حیدرآباد میں جولائی تا ستمبر ۲۰۰۳ء حیدرآباد ادب نمبر میں شائع ہوا۔ شہزاد احمد کا تعلق بنیادی طور پر حیدرآباد سے ہے وہ اسی شہر میں پیدا ہوئے بعدازاں جون ۷۶ء میں کراچی میں مستقل آباد ہوگئے۔ یہ تذکرہ انھوں نے انجمن ترقی نعت (ٹرسٹ) کراچی کے نعتیہ کتب خانے کی مدد سے تیار کیا ہے۔ اس تذکرے میں حیدرآباد کے ۱۸ نعت نگار شعرا کا تذکرہ شامل ہے۔ اس تذکرے میں شعرا کی ترتیب الفبائی ہے نہ ہی زمانی۔ ان شعرا میں:

احمدؔ میاں برکاتی، غلام محی الدین خان۔ اخترؔ الحامدی، محمد مرغوب۔ آبادؔ محمدی، عبدالرحمن۔ پیکرؔ اکبر آبادی، منیر خاں۔ بدرؔ ساگری، مبین محمد۔ بسملؔ آغائی، عبدالرحمن خاں۔ حبیبؔ نقشبندی، سید حبیب احمد۔ خادمیؔ اجمیری، محمد حسین۔ خلیلؔ مارہروی، مفتی محمد خلیل خان القادری برکاتی، محمد خلیل خان لودھی۔ دردؔ اسعدی، مرتضیٰ علی خاں۔ زیدیؔ، تہور علی۔ شاربؔ، مقبول حسین۔ شبیرؔ، شبیر انصاری۔ صابرؔ بن ذوقی۔ صابرؔ، غلام محی الدین۔ ضامنؔ حسنی، سید ضامن حسنی۔ قمرؔ، بیگم قمر القادری۔ ندیمؔ، خان اختر۔ نیرؔ حامدی، مفتی سید محمد ریاض الحسن نیر حامدی رضوی جیلانی جودھپوری۔(۸)

(۱۰) حیدرآباد کی اردو شاعرات

شکیل احمد خان

یہ تذکرہ سہ ماہی عبارت حیدرآباد میں جولائی تا ستمبر ۲۰۰۳ء" حیدرآباد ادب نمبر" میں شائع ہوا۔ جسے شکیل احمد خان نے مرتب کیا ہے۔ موصوف نے یہ تذکرہ الفبائی ترتیب سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس تذکرے میں تیرہ شاعرات کا تذکرہ ملتا ہے۔ ترتیب ملاحظہ کیجیے:

افشاں، تسنیم۔ رعنا، پروفیسر رعنا ناہید رعنا۔ روبی، روبینہ راجپوت۔ ریحانہ، پروفیسر ریحانہ طلعت۔ سحر، پروفیسر سحر نگار، سحر امداد۔ نسیم، ڈاکٹر سعدیہ نسیم آرا۔ زرین، ڈاکٹر شوکت زرین۔ فہمیدہ، فہمیدہ ریاض۔ قمر، سیدہ قمر القادری۔ شعاع، ڈاکٹر کیتھرائن درانی۔ مرحب، پروفیسر مرحب قاسمی۔ ت۔ن۔ نجمہ ناہید نجمی۔(۹)

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08
ماخذ تحقیقی مجلہ

(۱۱) کہکشاں

پروفیسر مرزا سلیم بیگ / حاجی عدیل

یہ تذکرہ پروفیسر مرزا سلیم بیگ اور حاجی عدیل نے ۱۹۷ء میں مرتب کیا تھا۔ کہکشاں کو مرتب کرنے کا مقصد حاجی عدیل کی مالی اعانت تھی کہ جو شعرا اپنا نام تذکرے میں شامل کرانا چاہتے ہیں وہ مالی تعاون کریں۔ اس تذکرے میں ۳۴ شعرا کا تذکرہ ہے۔ اس تذکرے میں الف ممدوہ "آ" پہلے اور الف مقصورہ "ا" بعد میں ہے صرف اس کے علاوہ تمام شعرا کا تذکرہ الفبائی ترتیب سے ہے اس ترتیب میں مرتبین نے حسبِ معمول تخلص کو نام پر ترجیح دی ہے۔ جن شعرا کے اسما شامل ہیں وہ یہ ہیں:

اثرؔ تسلیمی ۔اثرؔ، صالح شاہ۔ ارشدؔ، نور۔ اسدؔ، اعجاز۔ انورؔ بریلوی۔ امانؔ، امان اللہ خان ۔ آرزوؔ، قمر۔ آسیؔ، عبدالشکور۔ تبسمؔ، اسدی نور۔ جمالیؔ، عمر۔ دانشؔ، وحید۔ راحتؔ، عارفی۔ رعنا، رعنا نائید۔ رہبرؔ، تقی۔ ریاضؔ، ریاض احمد شیخ۔ ساجدؔ، ساجد رضوی۔ سعیدؔ، سعید اختر۔ نسیمؔ، سعدیہ نسیم۔ سوزؔ، جمیل الرحمن ۔شاربؔ، مقبول۔ شعاع، شعاع درانی۔ شوقی، وجاہت حسین۔ عابدؔ، عابد علی خان۔ فاروقؔ، فاروق احمد مغل۔ فرحت، فرحت سعیدی۔ قدرؔ ، قدر القادری ۔ کامل ،کامل القادری۔ گوہرؔ، آغا گوہر۔ مضطر ہاشمی، عزیز احمد۔ معراجؔ، معراج صدیقی۔ نعیمیؔ ، غیور۔ نورؔ، نور شیر وانی۔ نیرؔ، نیر حافظ اور واجدؔ سعیدی ،واجد شامل ہیں۔[۱۰]

(۱۲) خوب صورت ادبی چہرے

تقیؔ راجپوت

تقی راجپوت تقیؔ کی مرتب کردہ تصنیف بنیادی طور پر اُن کے حلقۂ احباب پر شامل اردو اور سندھی کی ادبی شخصیات کے انٹرویوز پر مشتمل ہے۔ یہ تصنیف ۲۰۱۲ء میں حیدرآباد کے مضافاتی علاقے ہوسڑی سے شائع کی گئی ہے۔ اس تصنیف میں ۱۸ / ادبی شخصیات کے تذکرے ہیں ان شخصیات میں حیدرآباد کے ۴ شعرا شامل ہیں ان میں بدرؔ سا گری۔ خلشؔ مظفر۔ محبوبؔ، پروفیسر محبوب سروری۔ قدرؔ القادری، قدیر احمد کا تذکرہ ہے۔[۱۱]

(۱۳) ادبی چہرے (جلد اول)

ظافر تشنہؔ

تلاش کے باوجود یہ تذکرہ نہیں مل سکا، ظافر علی تشنہ کے کوئی اولادِ نرینہ نہ تھی چند سال بیشتر انتقال ہوا، سب سے چھوٹے بھائی ناظم علی خان ماتلوی کے علم میں بھی یہ تذکرہ نہیں ہے۔

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08
ماخذ تحقیقی مجلہ

(۱۴) ادبی چہرے(جلد دوم)

ظافر تشنہؔ

ظافر علی خان تشنہؔ نے تین تذکرے مرتب کیے ہیں پہلے دو تذکرے باوجود تلاش وبسیار کے نہیں مل سکے ہیں تشنہؔ نے ادبی چہرے جلد سوم میں پہلے دو تذکروں کا ذکر کیا ہے۔ لہٰذا یہاں ان تذکروں کو شمار کیا گیا ہے۔

(۱۵) ادبی چہرے(جلد سوم)

ظافر تشنہؔ

حیدرآباد کے منتخب شعرا کا یہ تذکرہ ظافر علی خان تشنہؔ نے ۲۰۱۴ء میں مرتب کر کے شائع کیا، یہ تذکرہ ظافر تشنہؔ کی بچوں کی نظموں سے متعلق تصنیف "ڈگڈگی" کا تیسرا اور آخری باب ہے۔اس تذکرے میں ۱۵ شعرا کے تذکرے بھی ہیں الفبائی ترتیب نہیں ہے۔ان شعرا میں :اشعر ، اسلم ۔ اعجازؔ، اعجازالحق ۔الیاسؔ شاہد۔ثاقبؔ ،پروفیسر ثاقب قریشی۔ حناؔ،سیدہ حنا بابر۔ریحانؔ بنارسی۔ ساگرؔ، رفیق ۔ سلیمؔ، احسن ۔شرقیؔ،شریق۔ شمیمؔ، شمیم حسنین۔صباؔ اکبر آبادی۔ قمرؔ،مشتاق احمد خان۔ کاظمؔ،سید کاظم حسنی۔نویدؔ،شوکت۔واجدؔ سعیدی شامل ہیں۔[۱۲]

(۱۶) سخن وران حیدرآباد جلد اول

عشرت علی خان

اس عنوان سے عشرت علی خان داؤدزئی نے دو جلدوں میں حیدرآباد کے شعرا کا تذکرہ لکھا ہے۔اس تذکرے کا مقصد شعرا کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہے اس تذکرے میں شعرا کی ترتیب ناموں کے اعتبار سے الفبائی ہے نہ تخلص وار اور نہ ہی زمانی ہے ۔ اس تذکرے میں میاں محمد سرفراز عباسی سرفہرست ہیں اور شعاع درانی اخیر فہرست۔کل ۱۱۱ شعرا کا تذکرہ ہے۔ان شعرا کے نام مع تخلص الفبائی ترتیب سے دیے جارہے ہیں پہلے تخلص اور بعد میں نام کا اندراج ملتا ہے:

اثرؔ، صالح شاہ ۔اخترؔ انصاری اکبر آبادی۔احمرؔ رفاعی،ڈاکٹر۔اخترؔ الحامدی۔ارتضیٰؔ خان وارثی۔ارتضیٰؔ عزمی۔ارشدؔ، حبیب۔افروزؔ رضوی۔اقبالؔ سہوانی۔اکرامؔ، حکیم اکرم حسین سیکری۔الیاسؔ شاہد۔انجمؔ،افتخار۔انور بریلوی۔انورؔ، مشہود۔ آرزوؔ۔قمر۔آسیؔ،عبدالشکور۔بابوؔ رفیق ریواڑوی۔ بدرؔ، صابر بدر جعفری۔ بدرؔ ساگری۔ بڈھلؔ،مرزا بڈھل بیگ۔برگؔ یوسفی۔ بسملؔ آغائی۔پیامی،وحید۔تشنہؔ،ظافر۔ تقیؔ راجپوت ۔ ثروتؔ حسین۔جبریلؔ صدیقی۔جعفری، میر نصیر خان تالپور۔خادمؔ اجمیری۔ بینشؔ سلیمی۔ترابؔ گوالیاری۔جمالی،عمر۔ حسینؔ، حسین

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

علی خان تالپور۔ حشمت نارنولی۔ خلشؔ مظفر۔ خلیلؔ، ڈاکٹرا براہیم ۔ دانشؔ،وحید۔ دردؔ اسعدی۔ دلشادؔ مرزا۔ راحتؔ عارفی۔ رزیؔ جے پوری۔ رساؔ،وسیم اشرف۔ رعناؔ اکبر آبادی۔ رعنا ناہیدرعناؔ۔ روبینہؔ راجپوت۔ رہبر، زیدیؔ ، تقی۔ ریحانؔ آفاق۔ ریحانؔ بنارسی،زریںؔ،شوکت چغتائی۔ سالکؔعزیزی۔ سانگیؔ،میر عبدالحسین خان ۔تالپور۔ سرفرازؔ، میاں محمد سرفراز عباسی۔ سرورؔ نظامی ۔ سلیمؔ،احسن۔ سلیمؔ، حضوراحمد۔ شاعرؔ،حمایت علی۔ شبابؔ لکھنوی۔ شرفؔ سیمابی۔ شعاعؔ درانی۔ شوقؔ، وجاہت ۔ شہیرؔ اجمیری۔ صابرؔ بن ذوقی۔ صابرؔ وسیم۔ صادقؔ دہلوی۔ صباؔ اکبر آبادی۔ عابدؔ، مرزاعابد عباس۔ ضامنؔ حسنی۔ عتیقؔ احمد جیلانی، عزیزؔ احمد وارثی ۔ عشقیؔ،الیاس۔ عظیمؔ،پروفیسر عظیم الکریم عباسی ۔ عظیمؔ،یونس سعیدی۔ عنایتؔ علی خان ٹونکی۔ فاروقؔ مغل۔ فرحتؔ سعیدی۔ فہمیدہؔ ریاض۔ قابلؔ، قابل اجمیری۔ قدرؔ القادری۔ قلیچؔ، مرزاقلیچ بیگ ۔ قمرؔ القادری۔ کاظمؔ رضا،سید۔ کاملؔ عارفی۔ گداؔ، سید غلام محمد شاہ۔ گوہر، آغا۔ ماتمؔ، محمد فضل ۔ محسنؔ، محسن بھوپالی۔ محمودؔ صدیقی، محویؔ جے پوری۔ مرحبؔ قاسمی ۔ مسعودؔ الرحمن۔ مضطرؔ ہاشمی۔ معراجؔ صدیقی۔ مقبولؔ شارب۔ نادیہؔ نقوی۔ ناظر ٹونکی۔ نسیمؔ،ڈاکٹر سعدیہ۔ نصیرؔ،میر خان تالپور۔ نظیرؔ اکبر آبادی۔ نویدؔ، شوکت ۔نہالؔ اجمیری۔ واجدؔ سعیدی۔ ولیؔ،نواب فقیرولی محمد خان لغاری۔ (۱۳)

(۱۷) سخنورانِ حیدرآباد جلد دوم

عشرت علی خان

سخنورانِ حیدرآباد کی یہ دوسری جلد ہے جو عشرت علی خان نے مرتب کی ہے،اس میں کچھ اُن ۱۳۶ شعرا کا تذکرہ شامل ہے جن کا جلد اول میں ذکر نہیں ہے۔ اس تذکرے کو الفبائی مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔نام سے پہلے تخلص لکھا گیا ہے۔ ملاحظہ کیجیے:

ابدؔ عبداللطیف۔ اثرؔ تسلیمی۔ اثرؔ گوالیاری۔ احسنؔ اجمیری۔ احقرؔ سلیمانی اجمیری۔ اخترؔ سعید۔ اخضرؔ نعیمی۔ ارشدؔ نعیم۔ ارشدؔ نور۔ اسلمؔ آشعر ۔ الیاسؔ دھولپوری۔ اصغرؔ حامدی۔ اطہرؔ فاروق سعیدی۔ اعجازؔ احسانی۔ اعجاز الحق اعجازؔ۔ افقرؔ سندھی ۔اقبالؔ یزدانی۔ انجمؔ،اسماعیل اجمیری ۔ انجمؔ، حمید ۔ ایازؔ، ایازالدین ۔آبادؔ محمدی عبدالرحمن۔ آفاقؔ اللہ خان ۔ باصرؔ القادری ۔ برقؔ مشکور علی۔ بشرؔ جے پوری۔ بقاؔ رام پوری ۔ بہترؔ اجمیری۔ پارسؔ جاوید۔ پیکرؔ ظفر علی۔ پیکرؔ واسطی ۔ تابشؔ نارنولی۔ تبسمؔ انور اسعدی۔ تبسمؔ دہلوی۔ تبسمؔ،رشید۔ ثاقبؔ قریشی۔ جاذبؔ مختار ۔ جمالیؔ گوالیاری۔ جمیؔ، جمیل خان۔ جوشؔ جھالاواڑی۔ حافظؔ اثری ۔حافظ احمد میاں برکاتی۔ حاکمؔ، علی حاکم۔ حامدؔ، زمان حامد۔ حامدؔ نارنولی۔ حبیبؔ نقش بندی۔ حبیبؔ حشری۔ حسرتؔ بیانوی۔ حسنؔ عاجز۔ حسینؔ صمدانی۔

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

حنا جعفری۔ حنیف، محمد حنیف۔ خادم اجمیری۔ خادم حنیف بیگ۔ خاک کلیمی۔ خاور صدیقی۔ خاور ندیم۔ خالد جہاں گیر۔ خستہ وارثی۔ خلیل برکاتی مفتی ۔ خواب عبداللہ حیدرآبادی۔ خورشید ایلچ پوری ۔ خیال جعفری ۔ دانش نیازی۔ داؤد چغتائی۔ دل گیر اجمیری۔ ذاکر اجمیری۔ ذاکر سردار علی۔ ذیشان، احمد ذیشان ۔ راز ریواڑوی۔ راز عارفی۔ راغب کوٹوی۔ رشید احمد رشید۔ رزمی اجمیری۔ رشید خان رشید ۔ رشید ہمدم۔ رفیق خان رفیق۔ رونق جودھپوری۔ زیبی، زیبا بدر۔ زیدی، حکیم تہور۔ ساجد رضوی۔ ساجد فہیم ۔ ساحل ذیشان۔ سارب رشید۔ ساغر، وسیم۔ ساگر، رفیق۔ سالک صدیقی۔ سحر قریشی۔ سرور حیدرآبادی۔ سرور لدھیانوی۔ سوز جمیل الرحمن۔ سوز مینائی۔ سعید احمد سعید۔ سیف القادری۔ سیف نارنولی۔ شاد دہلوی۔ شاد، فاروق۔ شاکر جمال۔ شاکر، علی جعفری۔ شاہد علی حکیم۔ شجاع نارنولی۔ شرقی، شریق خان۔ شعلہ بدایونی۔ شفق اجمیری۔ شفق صدیقی۔ شکیب زبیر۔ شکیل احمد شکیل۔ شکور اکبرآبادی۔ شگفتہ اجمیری۔ شمس الدین ظہیر۔ شمیم بدایونی۔ شمیم حسنین۔ شمیم مرتضیٰ۔ شوق جھالاواڑی۔ شوکت، علی شوکت۔ شوقی بیاوری۔ شہزادو کیل۔ شیدائی نصیر۔ شیوا وارثی ۔ صابر نارنولی ۔ صادق، حسین صادق ۔ صبیح روہتکی۔ صہبا سنگھانوی۔ صفدر شکیل۔ ضیاء احمد ضیاء۔ ضیاء اکبر آبادی۔ ضیاء قاسمی۔ طالب اجمیری۔ طالب شجاعت ۔ طاہر رضوی۔ طیب موہانی۔ ظفر، حسین ظفر۔ ظفر شیروانی۔ ظفر قریشی۔ ظہیر اجمیری ۔ عابد، عابد علی عابد۔ عاجز فریدی۔ عادل رضوی۔ عارف رحمانی۔ عارف رضا ۔ عاصی اختر مرزا۔ عاقل مظہری۔ عالم انصاری۔ عالم، م۔ ش۔ عباسی اجمیری۔، عدیلحاجی عدیل۔ عرش عثمانی۔ عروج شاہدہ۔ عزیز احمد عزیز۔ عزیز الرحمن وارثی۔ عزیز جے پوری۔ عشر تعلی خان۔ عشرت یوسفی۔ عطا صدیقی۔ عظمت نارنولی۔ علی محمد علی۔ عمران احمد۔ عنبر جعفری۔ غنی دہلوی۔ غیور محمد غیور۔ فراق جیلانی۔ فزوں اکبرآبادی۔ فضل محمود۔ قاصد عزیز۔ قمر الزماں قمر۔ قمر مشتاق ۔ کاشف نور ۔ کاظم حسنی۔ کامل صدیقی ۔ کیف انور۔ کیف مہندر گڑھی ۔ گوہر امروہوی۔ لال چند لال ۔ ماہر سرفراز احمد۔ محبوب اجمیری۔ محبوب زیدی۔ محسن سلیم ۔ محسن شاہ۔ محی الدین انصاری۔ مختار کریمی۔ مسرور صدیقی ۔ مسعود رام پوری۔ مسکین منصور۔ معین الحسن معین۔ مضطر۔ مظہر عرفانی۔ مقبولا لوری۔ منصور اجمیری ۔ منصور ویراگی۔ منظر بھوپالی ۔ منور ہالائی۔ مہر خلیل الرحمن ۔ نازی اجمیری ۔ ناصف، عبدالحکیم۔ ناظم رامپوری۔ نثار بیانوی۔ نجم لکھنوی۔ نجمی، نجمہ ناہید۔ نسیم نقوی۔ نظام فتح پوری۔ نعمیٰ قمر غیور۔ نعیم نقوی۔ نور ساگری ۔ نور شیروانی۔ نیئر امین۔ نیئر حافظ۔ نیاز نصیر آبادی۔ نیر صدیقی ۔ واحد اجمیری۔ واصف انصاری ۔ وفا قریشی۔ وفا نارنولی۔ وقار احمد وقار۔ ولی قریشی۔ یکتا جودھپوری۔ (۱۴)

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

(۱۸) تذکرۂ شعرائے لطیف آباد

حسیب گدی

یہ تذکرہ حسیب گدی نے جامعۂ سندھ سے ایم اے کی ڈگری کے حصول کے لیے مرتب کیا تھا، تاحال غیر مطبوعہ ہے۔ اس تذکرے میں ۱۲۱ شعرا کے تذکرے ہیں۔ شعرا کی ترتیب الفبائی ہے۔ الفبائی ترتیب کے لیے تخلص کو تفوق حاصل ہے۔ ان کے نام مع تخلص الفبائی ترتیب سے یہ ہیں:

اثرؔ، صالح شاہ۔ اثرؔ تسلیمی ، شاہ ممتاز۔ احمرؔ، احمر رفاہی ۔ اخترؔ ، اختر الحامدی۔ ارشدؔ، حبیب ارشد۔ ارشدؔ، ارشد نور۔ اشتیاقؔ، اشتیاق علی۔ اشعرؔ، اسلم۔ انجمؔ، افتخار انجم۔ انورؔ بریلوی۔ انورؔ، انور تبسم۔ آبادؔ، آباد محمدی۔ باقرؔ، باقر القادری۔ بدرؔ، ساگری۔ پروانہؔ، محمد عالم۔ ترابؔ، تراب گوالیاری ۔ تسلیمؔ، تسلیم رضا۔ تشنہؔ، ظاہر۔ جاذبؔ، مختار۔ جمالیؔ، عمر۔ جمالی گوالیاری۔ جوشؔ، جوش جھالاواڑی۔ جیلانیؔ، عابدہ۔ چراغ الہ آبادی۔ حاکمؔ، حاکم علی۔ حافظؔ اثری فیروز آبادی۔ حافظؔ، احمد میاں برکاتی۔ حامدؔ، حامد زمان۔ حبیبؔ، سید حبیب نقش بندی۔ حسینؔ، حسین صمدانی۔ حفیظؔ، حفیظ۔ خاورؔ، ندیم۔ خلیلؔ، مفتی خلیل برکاتی ۔ دردؔ، سعیدی۔ دیوانؔ، دیوان ۔ ذیشانؔ، ذیشان احمد۔ راغبؔ، راغب کوٹوی۔ رشیدؔ، خان رشید۔ رشیدؔ، رشید احمد۔ رفیقؔ، رفیق احمد خان۔ رزیؔ، رزی جے پوری۔ رہبرؔ، تقی رہبر۔ ریحانؔ، ریحان آفاق۔ ریحانؔ بنارسی، ریحان۔ زریںؔ، شوکت زریں ۔ ساجدؔ، ساجد رضوی۔ ساحلؔ، ذیشان ۔ ساربؔ، رشید سارب ۔ سحرؔ، سحر قریشی۔ سرورؔ، سرور قریشی۔ سوزؔ مینائی ۔ سیفؔ، سیف القادری۔ شاعرؔ، حمایت علی شاعر۔ شرفؔ، شرف سیمابی۔ شعاعؔ، شعاع درانی۔ شکیبؔ، زبیر۔ شکیلؔ، شکیل احمد۔ شمسؔ، ظہیر الدین۔ شمیمؔ، محمد شمیم مرتضیٰ ۔ شوقؔ، ذوالقرنین ۔ شیدائیؔ، نصیر ۔ شیواؔ، شیوا بریلوی۔ صابرؔ، صابر بنذوقی۔ صادقؔ دہلوی ، صادق ۔ صفدرؔ ، صفدر حنیف۔ ظفرؔ، محمد ابوظفر قادری چشتی شیروانی ۔ ظفرؔ، ظفر محمد قریشی۔ عابدؔ، عابد علی۔ عابدؔ، عابد حسین نقوی۔ عادلؔ، عادل رضوی۔ عاصیؔ، مرزا اختر۔ عتیقؔ، عتیق جیلانی ۔ عدیلؔ، عدیل۔ عرشؔ، عرش عثمانی۔ عزمیؔ، ارتضا۔ عزیزؔ، احمد وارثی ۔ عشرتؔ ، عشرت علی خان۔ عشقیؔ، الیاس عشقی۔ عطاؔ، عطا صدیقی۔ عظیمؔ، عظیم الکریم۔ فاروقؔ، فاروق احمد مغل۔ فراقؔ، جبل جیلانی۔ فرحتؔ، فرحت سعیدی۔ فریدؔ، فرید۔ قابلؔ، قابل اجمیری ۔ قدرؔ، قدر القادری۔ قیصرؔ، قیصر کانپوری۔ قمرؔ، قمر یوسف زئی۔ کاشفؔ، کاشف نور۔ کاظمؔ، سید کاظم رضا۔ کشورؔ، کشور اعظمی۔ گوہرؔ، گوہر امروہوی۔ لالؔ، لال چند۔ مائلؔ، ایوب۔ مجیدؔ، عبدالمجید۔ محمودؔ، محمود صدیقی۔ محویؔ، محوی جے پوری۔ مسعودؔ، مسعود الرحمن۔ مضطرؔ، مضطر ہاشمی۔ مقبولؔ ،

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ماخذ تحقیقی مجلّہ

مقبول الوری۔ معراجؔ، معراج صدیقی۔ مہرؔ، خلیل الرحمن خان ۔ ناہیدؔ،ناہید نور۔ نجمؔ، نجم الاسلام ۔ نظامؔ، نظام فتح پوری۔ نعمیؔ، قمر غیور۔ نورؔ، نور شیر وانی۔ نہالؔ اجمیری، نہال۔ نیرؔ، نیر امین ۔ نیرؔ، نیر صدیقی۔ واجدؔ، واجد سعیدی۔ وارثیؔ، حکیم شاہد علی وارثی۔ واصفؔ، رمضان انصاری۔ وقارؔ، وقار احمد۔ ولیؔ، ولی قریشی۔ یزدانیؔ، اقبال یزدانی۔ (۱۵)

(۱۹) ' شعرائے حیدرآباد"

مرتبہ: ثاقب قریشی۲۰۲۱ء

پروفیسر ثاقب قریشی کا شمار حیدرآباد کے سینئر شعرا میں ہوتا ہے کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ حیدرآباد کے شعرا پر مشتمل ان کی تصنیف" شعرائے حیدرآباد" دراصل ان کی شعرا اور اُن کی تصانیف وغیرہ کے مضامین ہیں جو انھوں نے مختلف اوقات میں رقم کیے ہیں تمام مضامین مطبوعہ ہیں اس مجموعے کو ثاقب قریشی نے "شعرائے حیدرآباد" کے عنوان سے مرتب کیا ہے۔ اس مجموعے میں ۶۷ مضامین اور شعرا کا تذکرہ ہے۔ شعرا کا تذکرہ الفبائی اور زمانی اعتبار کے بجائے مطبوعہ اعتبار سے کیا ہے۔ شعرا اور مضامین کی ترتیب کچھ یوں ہے:

ایوب مائلؔ، قدیر احمد قدرؔ القادری، نورؔ شیر وانی، کیفؔ مہندر گڑھی، عبدالحکیم ناصفؔ، تقی رہبرؔ، عبدالشکور آسیؔ، راحتؔ عارفی، ساحرؔ عارفی، محشرؔ فیروزآبادی، عبدالغنی خلوتؔ، حکیم قمر آرزوؔ، رونقؔ جودھ پوری، عارفؔ رحمانی، ساغرؔ شیرانی، نعیم ناظرؔ، انور تبسمؔ اسعدی، حکیم منظرؔ جعفر، مجید عالمؔ انصاری، ریحانؔ بنارسی، موج عرفاں پر ایک نظر۔ عارف رحمانی، علامہ سید ریاض الحسن نیرؔ جیلانی، صوفی منیر خاں پیکر اکبر آبادی، شیواؔ وارثی بریلوی، شوکت علی شوکت قریشی، سعید احمد سعیدی کی شخصیت اور فن، میرزا قربان بیگ مختار، حکیم محمد سلیم اطہرؔ، رشید ہمدمؔ، ولی قاسمی، میرزا سلطان حیدر بیگ سلطانؔ، شاہ ممتاز اثرؔ تسلیمی، خادمی اجمیری کی غزل نگاری، ممتاز احمد اشرفی، عزیزؔ احمد وارثی۔ شخصیت وفن، بزرگ شاعر جمالی گوالیاری، افتخارؔ احمد تونگری، استاد واجدؔ سعیدی مرحوم، احمد بیزارؔ متھراوی، اور آخر شعلہ بجھ ہی گیا، قابلؔ اجمیری۔ احوال و افکار، مولانا اخترؔ الحامدی، رفیقؔ ریواڑوی، سید ضامن حسنی (انٹرویو)، پروفیسر عنایت علی خاں کی عنایتیں کیا کیا، سید نبی احمد دانشؔ اور گلستانِ دانشؔ، پروفیسر مسعود الرحمن کی کتاب" رئیس امروہوی، شخص و شاعر"کا اجمالی جائزہ، سید ضامن علی حسنی (شخصیت و فن)، آہ! بدر ساگری، حکیم جوشؔ جھالا واڑی، ع۔ ر۔ ارحم۔ مداحِ حمد و مدحِ رسولؐ و ہمراہی، عمر تابشؔ بنارسی، مولانا اخترؔ الحامدی کی شخصیت اور نعت نگاری، ڈاکٹر احمر رفاعی کی شخصیت اور علمی و ادبی خدمات کا اجمالی

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08
ماخذ تحقیقی مجلہ

جائزہ،عبدالشکور آسی۔ شخصیت وشاعری،مولانا محیؔ انصاری کی شخصیت و خدمات کااجمالی جائزہ، سید کاظم حسنی کا''عشق سرمدی'' ، ڈاکٹر عتیق احمد جیلانی کی غزل نگاری ،الیاس شاہدؔ''سفالہ پوش''کااجمالی جائزہ،حنیف ؔقریشی نصیر آبادی کی شعر نگاری، سید صادق حسین صادق، فقیر محمد والیہؔصبح پوٹو،شاعرِ محمدؐوآل محمدؐ۔ میرزاکاظم رضابیگ کاظمؔ،شوکت نویدؔاور درِادراک۔(۱۶)

ابتدائیہ

شریف منور حیدرآباد کے کہنہ مشق شاعر تھے لیکن متذکرہ بالا تذکروں میں ان کانام کہیں موجود نہیں ہے حالاں کہ قابلؔ اجمیری جیسے معروف شاعر نے شعرو سخن کے میدان میں بہ قول شریف منورؔ قدم قدم پر حوصلہ افزائی کی ہے۔ یہ امر بعداز قیاس معلوم ہوتا ہے کہ قابلؔ اجمیری اوراعجازؔ احسانی خود تو مشاعرے پڑھتے رہے ہیں لیکن شریف منورؔ جن کے کہنے پر اِس جانب آئے، انھوں نے شریف منورؔ کومشاعروں سے باہر رکھاہو،البتہ وہ تنہائی پسند یا شعرا میں بھی ایک محدود تر حلقہ رکھتے ہوں گے ورنہ تذکروں اور حیدرآباد کے شعرا ضرور انھیں جانتے۔ تنہائی سے متعلق اُن کاایک شعر ملاحظہ کیجیے:

قرضِ تنہائی کچھ ایساہے منوّؔر سرپر
چونک اٹھتاہوں دستک ہو کسی کے در پر(۱۷)

شریف منورؔ قیامِ پاکستان کے بعد میں اُن ابتدائی شعرا میں شامل ہیں جن کے سنے بغیر حیدرآباد کا شعری ماحول نامکمل رہتاہے لیکن تذکروں میں اِن کاذکر نہ آنانا قابلِ فہم ہے وہ''تعارف''کے حرفِ اول میں لکھتے ہیں:

> "میری شاعری کی ابتدا۱۹۵۱ء میں حیدرآباد(سندھ)میں ہوئی۔پہلے پہل بچوں کی نظمیں لکھیں باقاعدہ شعر گوئی کاآغاز ۱۹۶۰ء میں ہوا۔ابتدا ہی سے قابلؔ اجمیری مرحوم اورجناب اعجازؔ احسانی کی قدم قدم حوصلہ افزائی نے اس مشغلے کو جاری رکھنے میں بڑی مدد کی۔جناب رئیس امروہوی کی بے پایاں شفقت اورہمت افزائی سے یہ مشغلہ ،وظیفۂ حیات بن گیا۔"(۱۸)

سوانحی حالات

شریف منور کے والد کبیر احمدایک پڑھے لکھے اور متوسط گھرانے کے فرد تھے اور کارخانے میں منیجر تھے۔ شریف منور کے خاندان میں سو سالہ ادبی روایت موجود تھی۔۱۹ کبیر احمداور مریم کے ہاں جون ۱۹۴۵ء

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

کو بھکری اجمیر شریف انڈیا کے قریشی خاندان میں ایک بچہ تولد ہوا۔ والدین نے اس بچے کا نام شریف احمد رکھا جو بعد میں شریف منورؔ کے نام سے ادبی دنیا میں معروف ہوا۔ مکمل نام شریف احمد منور چشتی تھا۔۲۰ کبیر احمد کے ہاں آٹھ اولاد ہوئیں، ان میں چھے بھائی اور دو بہنیں تھیں شریف منور بہن بھائی میں سب سے بڑے تھے ان سے چھوٹے بہن بھائیوں میں رشیدہ، شبیر احمد ، غزالہ ، فاروق احمد، نذیر احمد، زبیر احمد اور عارف ہیں۔ خاندان قیامِ پاکستان کے بعد ہجرت کر کے فقیر کا پڑ کے قریب رہائش پذیر ہوا۔ یہیں شریف منور کا بچپن اور زمانۂ طالب علمی گزرا، انھوں نے مختلف تعلیمی مدارج طے کرتے جامعۂ سندھ سے ایم اے معاشیات کی اعلیٰ سند حاصل کی۔ ۱۹۶۹ء میں حیدرآباد سے مستقل کراچی دست گیر کالونی ۹ میں منتقل ہو گئے۔

کراچی میں بینک میں ملازمت کرنے لگے ،۱۹۸۲ء میں خلیجی ریاست قطر بہ غرضِ ملازمت روانہ ہوئے۔ ۱۹۸۳ء میں ایک قریبی عزیز کی شادی میں شرکت کے لیے واپسی ہوئی۔ ۸۳ ۱۹ء میں لیور کا کینسر تشخیص ہوا، اسی سال نومبر کی سترہ تاریخ کو کراچی میں انتقال ہوا اور شہدا قبرستان یاسین آباد میں تدفین ہوئی۔ نمازِ جنازہ اور تدفین میں رئیس امروہوی، جون ایلیا، ڈاکٹر محمد علی صدیقی اور صابر ظفر شریک ہوئے ۔۲۱ انتقال کے وقت سوگواران میں ایک بیوہ، دو بیٹے اور دو بیٹیاں چھوڑیں، بیوہ اور تمام اولاد حیات، شادی شدہ اور کراچی میں مقیم ہیں ۔اولاد کے نام بالترتیب یہ ہیں: نجیب شریف، مظہر شریف عرف مونی، بینش اور عدیلہ ۔ بڑے صاحبزادے سے موسوم ایک شعر اولاد سے محبت کا عمدہ اظہار ہے:

غیروں کے گھر سے بھی اگر آئی صدائے طفل
محسوس یہ ہوا میرے بیٹا نجیب ہے[۲۲]

ان کے دوست واحباب میں جن شخصیات کا ذکر ملتا ہے ان میں قابلؔ اجمیری ، اعجازؔ احسانی، رئیس امروہوی، جون ایلیا ، محمد علی صدیقی، حسن عابد، راشد مفتی ، قمر آرزو، مرغوب اختر اور رزاق طاہرانی شامل ہیں، راشد مفتی، قمر آرزو، مرغوب اختر اور رزاق طاہرانی کا شمار قریب ترین دوستوں میں سے ہوتا ہے۔[۲۳] جون ایلیا اور محمد علی صدیقی سے بہت کچھ [اصلاح لی] سیکھا۔[۲۴]

شاعری کی ابتدا ۱۹۵۷ء کو حیدرآباد سندھ سے کی اور منورؔ تخلص اپنایا۔ بیاض رکھنے کا شوق تھا اسی کی مدد سے واحد مجموعۂ کلام "تعارف" یادگار چھوڑا ہے۔ اِس مجموعے کی اِشاعت کے لیے احباب میں شامل عابد حسن نے معاونت کی۔[۲۵] اس مجموعے میں ۸۲ غزلیں ہیں اور فردیات کے ۲۹ اشعار شامل ہیں یہ تمام وہ کلام ہے جو اِنھوں نے

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08
ماخذ تحقیقی مجلہ

۱۹۶۰ء سے ۱۹۷۸ء تک کہا ہے۔ شاعری کا آغاز بچوں کی نظموں سے کیا بعد ازاں غزلیات کی جانب متوجہ ہوئے اور اسی کے اسیر ہو کر رہ گئے۔(۲۶) شریف منوّر بنیادی طور پر شاعر ہیں، وہ اس طرف آنے کی وجوہ بیان کرتے ہیں:

"مجھے نہیں معلوم کہ میں نے شعر کیوں کہنے شروع کیے۔ ممکن ہے کہ اس کی وجہ وہ ماحول ہو جس میں مَیں نے آنکھ کھولی یا شاید کئی سو سالہ آبائی روایات کے اثرات ہوں جن میں شعر وادب اور سماع کو بنیادی ضرورت سمجھا جاتا تھا۔ مجھے اتنا احساس ضرور ہے کہ میری ابتدائی شاعری کسی ذاتی واردات اور اندرونی لہر ہی کی رہینِ منّت تھی لیکن وقت کے ساتھ ساتھ حسبِ استطاعت بڑھتے ہوئے مطالعے، مشاہدے اور تبدیل ہوتے ہوئے ماحول نے زندگی کو لحہ بہ لحہ نت نئی حیرتوں سے روشناس کیا۔ یہی حیرتیں بساط بھر حسّی اور جمالیاتی تجربے کی شکل میں آپ کے سامنے ہیں۔"(۲۷)

شاعری میں انھوں نے نظمیں اور غزلیں لکھی ہیں اِن کی بیشتر نظمیں بچوں سے متعلق ہیں شاعری میں اِن کا میدان خاص غزل گوئی ہے وہ لکھتے ہیں:

"میں نے نظم بھی لکھی ہے اور نثر بھی۔ نظم میں میرے لیے اظہار کا سب سے بہتر سانچہ غزل ہے۔"(۲۸)

نمونۂ کلام

۱۹۶۰ء کی ایک غزل "جاؤں" کی ردیف میں ملاحظہ کیجیے:

شاعری میں وہ رنگ بھر جاؤں
ذات کو کائنات کر جاؤں!
بن کے میں مہرِ نیمروز اے کاش
دلِ ہر ذرّہ میں اُتر جاؤں!
سیکڑوں راستے ہیں پیشِ نظر!
سوچتا ہوں کدھر کدھر جاؤں
حاصلِ فن ہو گر بقائے دوام
کل کا مرتا میں آج مر جاؤں

ISSN (P): 2709-9636 | ISSN (O): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08
ماخذ تحقیقی مجلہ

روشنی راہ میں اِدھر نہ اُدھر!
میں اِدھر جاؤں یا اُدھر جاؤں (۲۹)

۱۹۶۵ء کی ایک غزل ملاحظہ کیجیے:

نہیں معلوم کن خوش فہمیوں میں
رہے مست اپنی خستہ حالیوں میں
نظر پہنچی نہیں جن تک کسی کی
وہ پھل سوکھے ہوئے ہیں ڈالیوں میں
بہت ہے نیک نامی میں بھی لذت
مزا کچھ اور ہے رسوائیوں میں
تمہاری یاد اور یہ سرد راتیں
غضب کی آنچ ہے تنہائیوں میں
غرض مندی سے اپنی ڈر رہا ہوں
کوئی مخلص نہ نکلے ساتھیوں میں
ذرا سی دیر سوئے تھے منورؔ!
کٹی پھر عمر شب بیداریوں میں (۳۰)

۱۹۷۶ء کی ایک غزل ملاحظہ کیجیے:

مجھ سا کب شہر گرد تھا پہلے
جو تھا صحرا نورد تھا پہلے!
اتنی ہنگامہ خیز کب تھی حیات
اتنا تنہا نہ فرد تھا پہلے
برفباری تو دھوتی رہتی ہے
سر دھوں میں نہ سرد تھا پہلے
اس قدر تو نہ پھول اے سرسوں

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08
ماخذ تحقیقی مجلّہ

سبز موسم بھی زرد تھا پہلے
جس کو دیکھا وہ کہہ رہا تھا غزل
معتبر کب یہ دور تھا پہلے! (۳۱)

۱۹۷۸ء کی ایک غزل ملاحظہ کیجیے:

اہلِ جنوں کا جنوں سلامت، ذوقِ تماشا عام بہت
گلی گلی دروازے روشن، پُر رونق ہیں بام بہت
راہِ جدائی دونوں ہی نے مرضی سے اپنائی تھی
پھر اب کیوں بے چین ہوں میں اور وہ ہے بے آرام بہت
تعزیروں کا چرچا ہو تو نگر نگر ہم رسوا ہیں!
رسوائی اعزاز بنے تو ہم ٹھہریں گمنام بہت
کچھ پر نام تھے اوروں کے اور کچھ میں خون کی لہریں تھیں
تشنہ لبی کی خیر منائی اور ٹھکرائے جام بہت
اس کے ہجر میں یوں جیتے تھے جیسے کوئی کام نہ تھا
آج اسے پایا تو منوّر یاد آئے ہیں کام بہت (۳۲)

چند منتخب اشعار ملاحظہ کیجیے:

یہ حُسن، یہ خلوص، یہ چاہت نہ آئی تھی
جب اپنے درمیان ضرورت نہ آئی تھی! (۳۳)

اُٹھ گیا ہے دنیا سے ذوق ہی سماعت کا
اب مرے تعاقب میں خود مری صدائیں ہیں (۳۴)
حاصلِ فن ہو گر بقائے دوام
کل کا مرتا میں آج مر جاؤں (۳۵)

فردیات میں شامل اشعار ملاحظہ کیجیے:

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ماخذ تحقیقی مجلہ

کبھی برپا تھا جو سینے میں میرے
وہی کہرام اب گھر گھر ہے یارو (۳۶)

صبح کا نام لے کے لوگوں نے
جانے کتنے دیے بجھائے ہیں (۳۷)

یہ بھی اعزاز کوئی کم تو نہیں ہے یارو
لوگ ہر شخص کو گالی بھی کہاں دیتے ہیں (۳۸)

بہ طورِ نثر نگار

شریف منوّر نظم و نثر ہر دو صنف میں لکھا ہے، نثر میں مختلف موضوعات پر اظہارِ خیال کیا ہے، خوب صورت نثر لکھتے ہیں زبان و بیان پر یکساں قدرت رکھتے ہیں اِن کی نثر کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ قاری اوّل سے آخر تک تسلسل سے پڑھتا چلا جاتا ہے مثلاً:

"احساس کی صورت گری ایک دشوار عمل ہے لیکن ذکر بھی اپنا ہو اور بیان بھی اپنا تو یہ عمل دشوار ہی نہیں ناخوش گوار بھی ہے۔ ہر چند کہ اس میں کسی رازداں کے رقیب ہونے کا بظاہر کوئی امکان نہیں۔ مجھے نہیں معلوم کہ میں نے شعر کیوں کہنے شروع کیے۔ ممکن ہے کہ اس کی وجہ وہ ماحول ہو جس میں مَیں نے آنکھ کھولی یا شاید کئی سو سالہ آبائی روایات کے اثرات ہوں جن میں شعر و ادب اور سماع کو بنیادی ضرورت سمجھا جاتا تھا۔ مجھے اتنا احساس ضرور ہے کہ میری ابتدائی شاعری کسی ذاتی واردات اور اندرونی لہر ہی کی رہینِ منّت تھی لیکن وقت کے ساتھ ساتھ حسبِ استطاعت بڑھتے ہوئے مطالعے، مشاہدے اور تبدیل ہوتے ہوئے ماحول نے زندگی کو لحہ بہ لحہ نت نئی حیرتوں سے روشناس کیا۔ یہی حیرتیں بساط بھر حسّی اور جمالیاتی تجربے کی شکل میں آپ کے سامنے ہیں۔ شاعری میرے نزدیک فقط میکانکی عمل کا نام نہیں۔ یہ شوقِ فضول یا غیر شعوری اظہار بھی نہیں۔ شاعر معاشرے کے حسّاس ترین افراد میں سے ہوتا ہے، لہٰذا زندگی کے مسائل و مطالبات اور عصری تقاضوں کو دوسروں سے کہیں زیادہ شدت سے محسوس کرتا ہے۔ وہ زندگی اور کائنات میں حسن و جمال کی جستجو کرتا ہے لیکن انھیں حسین تر دیکھنے کا آرزومند بھی ہوتا ہے۔ یہ آرزومندی 'احساس

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ماخذ تحقیقی مجلہ

میں رچ بس کر جب لبوں کو متحرک کرتی ہے تو وہ آواز پیدا ہوتی ہے جو زندگی اور کائنات میں رشتہ قائم کرتی ہے۔ شاعری میں میرا نقطۂ نظر یہی آرزومندی ہے۔ میں نے نظم بھی لکھی ہے اور نثر بھی۔۔۔"(۳۹)

ان کے مجموعۂ کلام "تعارف" کے دیباچے میں شامل ایک اقتباس ملاحظہ کیجیے:

"۔۔۔ نظم میں میرے لیے اظہار کا سب سے بہتر سانچہ غزل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ مجموعہ صرف غزلیات ہی پر مشتمل ہے جو ۱۹۶۰ء سے ۱۹۷۸ء تک لکھی گئیں میں نے اس مجموعے میں اب تک کی ذہنی اور جذباتی مسافتوں کے دھندلے اور واضح نقوش یکجا کر دیے ہیں تا کہ خیال و فکر کے تسلسل، تبدیلی اور ممکنہ پھیلاؤ کی نشاندہی ہو سکے۔ میری شاعری کی ابتدا ۱۹۵۷ء میں حیدرآباد (سندھ) میں ہوئی۔ پہلے پہل بچوں کی نظمیں لکھیں باقاعدہ شعر گوئی کا آغاز ۱۹۶۰ء میں ہوا۔ ابتدا ہی سے قابل آجمیری مرحوم اور جناب اعجاز آحسانی کی قدم قدم حوصلہ افزائی نے اس مشغلے کو جاری رکھنے میں بڑی مدد کی۔ جناب رئیس امروہوی کی بے پایاں شفقت اور ہمت افزائی سے یہ مشغلہ ،وظیفۂ حیات بن گیا۔ جنوری ۱۹۶۹ء میں ملازمت کے سلسلے میں مستقل کراچی آنا پڑا۔ یہاں برادرِ محترم جون ایلیا اور برادرِ عزیز محمد علی صدیقی سے خلوص و محبت کا رشتہ استوار ہوا۔ مجھے اس کا اعتراف ہے کہ میں نے ہر دو حضرات سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ میں ان کی بے پناہ عنایتوں کا ممنون ہوں۔ اپنے دیرینہ رفقاء راشد مفتی، قمر آرزو، مرغوب اختر اور رزاق طاہرانی کا بھی سپاس گزار ہوں۔ یہ احباب میری وحشتوں کے امین رہے ہیں۔ ان کی ترغیب اور اصرار کے بغیر یہ منتشر تحریریں یکجا ہونی مشکل تھیں۔ آخر میں محترم حسن عابد کا تہ دل سے مشکور ہوں کہ انھوں نے نہ صرف بیاض کا تفصیلی جائزہ لیا بلکہ ہر مرحلے پر اپنے گراں قدر مشوروں سے نوازا۔

شریف منوّر

۲۴/اگست ۱۹۷۸ء

۱۶۶/۹۔ فیڈرل بی ایریا

کراچی نمبر ۳۸" (۴۰)

شریف منور نے نظم و نثر دونوں میدان میں لکھا ہے اگرچہ ایک ہی تصنیف ہے اس تصنیف میں شاعری اور نثر دونوں کے نمونے ملتے ہیں لیکن اس سے کہیں زیادہ کلام اور نثری نگارشات رسائل واخبارات میں بکھری

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ماخذ تحقیقی مجلہ

ہوئی ہیں تلاش کے باوجود مواد دستیاب نہیں ہو سکا ہے اس کے علاوہ غیر مطبوعہ کلام جس سے کئی تصانیف سامنے لائی جاسکتی ہیں مسلسل کوشش کے باوجود رسائی نہیں ہو سکی ہے۔

حوالہ جات

۱۔"تذکرۂ شعرائے اردو حیدرآباد" ادبی تنظیم "نہال اجمیری، بزمِ فروغِ ادب (رجسٹرڈ) حیدرآباد" ۱۹۷۰ء۔

۲۔ص ۷، "تین شاعر۔ایک کتاب" سید ارتضا عزمی، مکتبۂ ذوقی، حیدرآباد ۹۰ء۔

۳۔"تین شاعر" صابر بن ذوقی، مکتبۂ ذوقی، حیدرآباد ۹۰ء۔

۴۔تین شاعر (حصہ دوم)، سید ارتضا عزمی، مکتبۂ ذوقی، حیدرآباد ۱۹۹۱ء۔

۵۔صابر بن ذوقی، مکتبہ ذوقی، حیدرآباد ۹۲ء۔

۶۔"تذکرۂ شعرائے حیدرآباد" مسرور احمد زئی، جامعۂ سندھ، ۱۹۹۴ء۔

۷۔ص ۹ تا ۱۰۴ ماہ نامہ نعت لاہور شمارہ دسمبر ۲۰۰۰ء۔

۸۔ص ۱۵۹ تا ۱۷۱، "حیدرآباد کے نعت گو" شہزاد احمد، سہ ماہی "عبارت" حیدرآباد، جولائی تا ستمبر ۲۰۰۳ء۔

۹۔سہ ماہی عبارت حیدرآباد میں جولائی تا ستمبر ۲۰۰۳ء "حیدرآباد ادب نمبر" میں شائع ہوا۔ جسے شکیل احمد خان

۱۰۔"کہکشاں" پروفیسر مرزا سلیم بیگ، حاجی عدیل، حیدرآباد سندھ، ۹۷ء۔

۱۱۔خوب صورت ادبی چہرے، تقی راجپوت، حیدرآباد ۲۰۱۲ء۔

۱۲۔ادبی چہرے (جلد سوم)، مشمولہ "ڈگڈگی" ظافر تشنہ، حیدرآباد، ۲۰۱۴ء۔

۱۳۔"سخنورانِ حیدرآباد۔ جلد اول" عشرت علی خان، ۲۰۱۸ء۔

۱۴۔"سخنورانِ حیدرآباد۔ جلد دوم" عشرت علی خان ۲۰۱۹ء۔

۱۵۔تذکرۂ شعرائے لطیف آباد، عبدالحسیب گدی۔ غیر مطبوعہ۔ س،ن۔

۱۶۔شعرائے حیدرآباد، پروفیسر ثاقب قریشی، حیدرآباد، ۲۰۲۱ء۔

۱۷۔ص ۳۹، مشمولہ "تعارف" شریف منور، کارواں پبلی کیشنز، ۱۹۷۸ء۔

۱۸۔ص ۱۰، ایضاً۔

۱۹۔ص ۹، ایضاً۔

۲۰۔(الف)۔ص ۱۶۸، وفیاتِ مشاہیر کراچی از ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ، کراچی، ۲۰۱۶ء۔

ISSN (**P**): 2709-9636 | ISSN (**O**): 2709-9644
Volume 4, Issue 4, (Oct to Dec 2023)
https://doi.org/10.47205/makhz.2023(4-IV)urdu-08

ماخذ تحقیقی مجلّہ

(ب)۔ص ۳۹۴،وفیاتِ ناموران پاکستان از ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ، اردو سائنس بورڈ، لاہور، ۲۰۰۶ء۔

۲۱۔رشتے داروں کے مطابق تدفین یاسین آباد کراچی جب کہ وفیاتِ مشاہیر کراچی کے مطابق عزیز آباد، کراچی ہوئی۔انٹرویو۔اوصاف حسین (بھتیجا)، رشید احمد قریشی (رشتے دار)۔

۲۲۔ص ۶۱، مشمولہ "تعارف" شریف منور، کارواں پبلی کیشنز، ۱۹۷۸ء۔

۲۳۔ص ۱۰، ایضاً۔

۲۴۔ایضاً۔

۲۵۔ایضاً۔

۲۶۔،ایضاً۔

۲۷۔ص ۹، ایضاً۔

۲۸۔ص ۱۰، ایضاً۔

۲۹۔ص ۸۷، ایضاً۔

۳۰۔ص ۹۴، ایضاً۔

۳۱۔ص ۹۳، ایضاً۔

۳۲۔ص ۱۰۸، ایضاً۔

۳۳۔ص ۲۸، ایضاً۔

۳۴۔ص ۵۳، ایضاً۔

۳۵۔ص ۸۷، ایضاً۔

۳۶۔ص ۱۱۰، ایضاً۔

۳۷۔ص ۱۱۱، ایضاً۔

۳۸۔ص ۱۱۲، ایضاً۔

۳۹۔ص ۹، ایضاً۔

۴۰۔ص ۹، ۱۰، ایضاً۔